[AS PASSED BY THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

to amend the Foreign Investment (Promotion and Protection) Act, 2022

WHEREAS it is expedient to amend the Foreign Investment (Promotion and Protection) Act, 2022 (XXXV of 2022), in the manner and for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**— This Act may be called the Foreign Investment (Promotion and Protection) (Amendment) Act, 2022.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 1, Act XXXV of 2022.**— In the Foreign Investment (Promotion and Protection) Act, 2022 (XXXV of 2022), in section 1, in sub-section (2), after the word "Pakistan", the expression "but for the purpose of Balochistan Province, it shall only apply to the qualified investment of Reko Diq project as mentioned in schedules and annexures of this Act" shall be added.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The purpose of the subject amendment is to clarify the scope and application of the Foreign Investment (Promotion and Protection) Act, 2022 (XXXV of 2022).

Minister-in-Charge

[سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں]

غیر ملکی سرمایہ کاری (فروغ وتحفظ) ایکٹ، ۲۰۲۲ء میں ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والے طریقہ اور غرض کے لیے غیر ملکی سرمایہ کاری (فروغ وتحفظ) ایکٹ، ۲۰۲۲ء (نمبر ۳۵ بابت ۲۰۲۲ء) میں ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اورآغاز نفاذ:-** (۱) ایکٹ ہذا غیر ملکی سرمایہ کاری (فروغ وتحفظ) (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۲۰۲۲ء، دفعہ ۱ کی ترمیم:-** غیر ملکی سرمایہ کاری (فروغ و تحفظ) ایکٹ، ۲۰۲۲ء (نمبر ۳۵ بابت ۲۰۲۲ء) میں، دفعہ ۱ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ پاکستان کے بعد، عبارت "مگر صوبہ بلوچستان کی غرض کے لئے اس کا اطلاق صرف اس ایکٹ کے جدول اور منسلکہ جات میں مذکور ریکوڈک پراجیکٹ کی مستند سرمایہ کاری پر ہو گا" کا اضافہ کر دیا جائے گا۔

بیان اغراض ووجوہ

مذکورہ ترمیم کا مقصد غیر ملکی سرمایہ کاری (فروغ وتحفظ) ایکٹ، ۲۰۲۲ء (نمبر ۳۵ بابت ۲۰۲۲ء) کے دائرہ کار اور اطلاق کی وضاحت کرنا ہے۔

وزیر انچارج